نیو یارک اسٹیٹ

کرائے کی ایمرجنسی معاونت کا پروگرام

مکان مالکان اور پراپرٹی مالکان کے لیے معلومات – دستاویزات کی چیک لسٹ

کرائے کی ایمرجنسی معاونت کا پروگرام (Emergency Rental Assistance Program, ERAP) ان اہل گھرانوں کی مدد کرتا ہے جنھوں نے اپنا پچھلا کرایہ ادا نہ کیا ہو اور جن کو COVID-19 کی وجہ سے مالی مشکلات کا سامنا ہو نیز وہ بے گھری یا رہائش کے عدم استحکام کے خطرے سے دوچار ہوں۔

درخواست دیتے وقت، مکان مالکان اور پراپرٹی مالکان کا مندرجہ ذیل فراہم کرنا ضروری ہے:

- ERAP پورٹل کے اندر 'مالک کا اکاؤنٹ' میں یہ معلومات ٹائپ کر کے **W-9 ٹیکس فارم**۔
- کرایہ دار درخواست دہندہ کے ساتھ **نافذ العمل لیز** یا اگر کوئی تحریری لیز نہ ہو تو منسوخ شدہ چیک، فنڈز کی منتقلی کا ثبوت یا آخری ماہانہ کرایہ کی مکمل ادائیگی کی کوئی اور دستاویز۔ لیز کے صفحات شامل کریں جن میں کم از کم یونٹ کا پتہ، لیز پر موجود کرایہ داران، ماہانہ کرایہ کی ذمہ داری اور دستخط کا صفحہ شامل ہو۔
- مہینہ کے لحاظ سے واجب الادا کرایہ کی رقم شناخت کرنے والے ماہانہ کرایہ کی توثیق کے فارم یا لیجر کو اپ لوڈ کر کے کرایہ دار کی جانب سے **واجب الادا کرایہ کی دستاویزات**۔ کرایہ کے سوا ادائیگیاں جیسے تاخیر کی فیس یا پارکنگ فیس شامل نہ کریں۔
- ERAP پورٹل کے اندر 'مالک کا اکاؤنٹ' میں ڈائریکٹ ڈپازٹ کی معلومات ٹائپ کر کے **بینکنگ کی معلومات**۔
- اگر قابل اطلاق ہو تو مالک کا حلف نامہ یا دستخط شدہ معاہدہ جو پراپرٹی کا نظم و نسق کرنے والی کمپنی/ایجنٹ کو ERAP فنڈز کے مجاز وصول کنندہ کے بطور تفویض کرتا ہو۔

پراپرٹی کے مالک یا پراپرٹی کا نظم و نسق کرنے والی مجاز کمپنی کو درخواست کے فارم اور وابستہ اسناد پر دستخط کرنے ہوں گے جن میں اس بات سے اتفاق کرنے کا اقرار ہے کہ فراہم کردہ معلومات بشمول کرایہ کی واجب الادا بقیہ رقم درست ہیں نیز کسی اور پروگرام سے موصول ہونے والی ادائیگی کو ڈپلیکیٹ نہیں کرتی ہیں۔

پراپرٹی کے مالک یا پراپرٹی کا نظم و نسق کرنے والی مجاز کمپنی کو کرایہ کی بقیہ ادائیگیاں قبول کرنے کی شرط کے طور پر مندرجہ ذیل شرائط سے بھی اتفاق کرنا ہوگا:

- ERAP کی ادائیگی اس عرصہ کے لیے کرایہ دار کی ادائیگی کی مکمل ذمہ داری کو پورا کرتی ہے جو اس ادائیگی کے تحت کور ہے۔
- ERAP کی ادائیگی کے تحت کور کیے گئے بقایا کرایوں پر کوئی بھی تاخیر کی فیس ختم کر دی جائے گی۔
- ماہانہ کرایہ کی رقم کو ان مہینوں کے لیے نیز ERAP کی ادائیگی وصول ہونے کے بعد ایک سال تک ERAP کی معاونت کی درخواست کے وقت واجب الادا ماہانہ رقم سے زیادہ نہیں بڑھایا جائے گا۔
- جس گھرانے کی خاطر ERAP کی ادائیگی کی گئی ہے اسے لیز کی میعاد ختم ہونے یا ہولڈ اوور کرایہ داری کی بنا پر ERAP کی ادائیگی وصول ہونے کے بعد ایک سال تک گھر سے نہیں نکالا جائے گا۔ اگر رہائشی یونٹ میں چار یا اس سے کم یونٹس ہوں اور پراپرٹی کا مالک یا مالک کے قریبی فیملی ممبرز بنیادی رہائش کے طور پر یونٹ کو استعمال کرنے کے لیے اس میں منتقل ہونا چاہتے ہوں تو اس تقاضے میں استثنا دیا جائے گا۔